14228-حج ويزه فروخت كرنا

سوال

حج کے ويزے فروخت كرنے كا حكم كيا ہے، جو كہ بہت مشكلات سے نكلوائے جاتے ہيں ؟

پسندیدہ جواب

جو انسان حج نہ
كرنا چاہتا ہو اس كے ليے حج كا ويزہ نكلوانا جائز نہيں، اور اگر وہ حج كا ارادہ ركھتے
ہوئے حج كا ويزہ لگوائے ليكن بعد ميں وہ حج پر نہ جانا چاہتا ہو تو اس كے ليے حج كا
ويزہ خرچ ہونے والى رقم سے زيادہ رقم ميں فروخت كرنے كا حق نہيں ہے.

اس كا معنى يہ ہوا كہ كمزور اور حج
كى حرص ركھنے والے مسلمانوں كو ان كى ضرورت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حج كے ويزوں كو
تجارت نہ بنا ليا جائے، بلكہ چاہيے تو يہ كہ مسلمان خير و بھلائى ميں معاون و مددگار
ثابت ہو، اور اپنے دوسرے مسلمان بھائيوں كى مدد كرے نہ كہ انہيں دھوكہ دے اور
ورغلائے.